सहेली

سہیلی

اداکاران

پردیپ کمار۔ کلپنا

وجے چودھری۔ راجیندر ناتھ

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سہیلی فلم کے گانے

گانا نمبرا

کاہے تو بین بجائے
سپیرے کاہے تو بین بجائے
بیری جگ میں آگ لگائے۔ کون بجھے بجھائے

اب میں تو سے پریت بڑھاؤں
یا کہ جگ کی ریت نبھاؤں
جگ روکے اور من بہکائے۔ کاہے تو بین بجائے
ناچت ناچت گر گر جاؤں
کیسے نٹ کھٹ کو سمجھاؤں
بیدردی تو ہے لاج نہ آئے۔ کاہے تو بین بجائے

گانا نمبر۲:۔ بہانے کیوں کرتی ہو۔ ہم پہ تم بھی مرتی ہو
ابھی تو نیا سا تھ ہے
آج ہنسی تو کل بھی ہنسو گی
پیار کسی سے کرنے لگو گی
تھوڑے دنوں کی بات ہے۔ بہانے کیوں کرتی ہو
سب سے تم جدا سہی۔ حسن کے خدا سہی
ادا ہی ادا سہی۔ ہم بھی برے تو نہیں
نظر میکدہ سہی۔ زلفیں اک گھٹا سہی

تم پہ سب فدا سہی۔ ہم بھی بُرے تو نہیں
کہاں تک تڑپاؤ گی۔ راہ پر آجاؤ گی
ابھی تو نیا سا تھ ہے

آج ملی تو کل بھی ملو گی
آہ کسی دن بھرنے لگو گی
تھوڑے دنوں کی بات ہے۔ بہانے کیوں کرتی ہو
رنگ کے نکھار پر۔ روپ کی بہار پر
انوکھے سنگار پر۔ تم کو اگر ناز ہے
غم انتظار پر۔ دل بے قرار پر
ہمیں اپنے پیار پر۔ تم سے بڑا ناز ہے
اجی۔ یہ غصہ چھوڑ دو۔ ابھی سے دل نہ توڑ دو
ابھی تو نیا ساتھ ہے
آنکھ جھکی تو دل بھی جھکے گا
اب یہ ملن تو ہو کے رہے گا
تھوڑے دنوں کی بات ہے۔ بہانے کیوں کرتی ہو!

گانا نمبر ۱۳ (لڑکا)۔ اتنا تو کہہ دو ہم سے
تم سے ہی پیار ہے

لڑکی:۔ میری خاموشی سمجھنا
میرا اقرار ہے

لڑکا:۔ باتوں میں ٹال دوں اگر۔ میں دل کے بھول کو
کر دو گی معاف کیا تم۔ میری اس بھول کو

لڑکی:۔ تیری ہر بھول سے بھی
مجھ سے ہی پیار ہے
تیرے قدموں میں ستیاں۔ میرا سنسار ہے
لڑکا:۔ اتنا تو کہہ دو ـــ
لڑکی:۔ میری خاموشی سمجھا
لڑکا:۔ خنبل بے تاب ہے دل۔ اتنا جنبو رہے
تم سے مانگے تم کو۔ یہ تو منظور ہے
لڑکی:۔ دے دی ہے عمر تم کو۔ دل بھی تم کو دیا
اب میرا اپنا کیا ہے۔ کب ذون تم کو پیا
لڑکا:۔ اتنا تو کہہ دو ـــ
لڑکی:۔ میری خاموشی سمجھا ـــ
کانا نمبر ۲:۔ خوشی بھی آئی تو مجھ ایسی ادا سے آئی
ہنسی کے ساتھ زمانے پہ مسکرا بیٹھے
نظارہ دیکھ لیا، وہ عجیب نظروں نے
کہ زندگی تیرے، فسانے پہ مسکرا بیٹھے
زباں کو روک رہا۔ نظر سے بات چلی
نئے انداز سے، اب ان سے ملاقات ہوئی ہے
نگاہیں پھیر کے، یوں ہم سے دور بیٹھے ہیں
کہ ان کے پاس نہ آئے یہ مسکرا بیٹھے ۔ خوشی بھی ـــ
تیری ہنسی کے لیے جلائے ہم نے دیئے
تیرے ارمان بھرے دل سے یہ دیتے ہیں دعائیں

جہاں میں تنہا نہ رہے تو، جہاں جہاں بھی رہے
تیرے نصیب سہانے پہ مسکرا بیٹھے
خوشی بھی آئی تو —

گانا نمبر ۵:۔ جس دل میں بس تھا پیار تیرا
اس دل کو کبھی کا توڑ دیا۔ ہائے توڑ دیا
بدنام نہ ہونے دیں گے تجھے
تیرا نام ہی لینا چھوڑ دیا
تو اوروں کا، کوئی اور تیرا
دنیا میں ہم کیوں زندہ ہیں
ہم بن کر کیوں دیوار رہیں
یہ سوچ کر ہم شرمندہ ہیں
در کوئی اور کھلے نہ کھلے
تیری راہوں کو ہم نے چھوڑ دیا۔ ہائے چھوڑ دیا
جس دل میں بس تھا پیار تیرا
ہم پیار میں تھے نادان بہت
کچھ کرنا تھا کچھ کر بیٹھے
وہ بھول تھا اور کے جوڑے کا
ہم جس سے دامن بھر بیٹھے
ہم نے خود اپنی بہاروں کا
ویرانوں سے رشتہ جوڑ دیا
ہائے جوڑ دیا —

گانا نمبر۸:۔ جس دِل میں لیا تھا پیار تیرا
اس دِل کو کبھی کا توڑ دیا ۔ ہائے توڑ دیا
بدنام نہ ہونے دیں گے تجھے
تیرا نام ہی لینا چھوڑ دیا ۔ ہائے چھوڑ دیا
جب یاد کبھی تم آؤ گے
سمجھیں گے تجھے چاہا ہی نہیں
راہوں میں اگر مل جاؤ گے
سوچیں گے تمہیں دیکھا ہی نہیں
جو در پہ تمہارے جاتی تھیں
ان راہوں کو ہم نے چھوڑ دیا ۔ ہائے چھوڑ دیا
جس دِل میں لیا تھا پیار تیرا
ہم کون کسی کے ہوتے ہیں
کوئی ہم کو یاد کرے گا کیوں
اپنے دو آنسو بھی ہم پر
کوئی برباد کرے گا کیوں
اس کا بھی کوئی گلہ ہم سے
منجدار میں جس نے چھوڑ دیا
ہائے چھوڑ دیا
جس دِل میں لیا تھا پیار تیرا

تمام شد

پامسٹری عرف خط تقدیر

یا علم سامدرک یعنی ہاتھ کی ریکھائیں دیکھکر تقدیر کا پچھلا اگلا حال معلوم کیجئے۔ اس لاجواب کتاب میں ہاتھ کے مختلف فوٹو دیکر ایک ایک ریکھا کو اچھی طرح سمجھایا گیا ہے۔ جو ایک معمولی لکھا پڑھا انسان بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ اس علم کو سیکھکر آپ ہزارہا روپیہ پیدا کر سکتے ہیں۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصولڈاک معاف

بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا

بغیر بجلی کے چلنے والا ریڈیو بہت کم لاگت سے گھر بیٹھے بنانا سیکھئے۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصولڈاک معاف

فلمی ہارمونیم گائڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور بغیر فلمی گانوں کے بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اس لئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصولڈاک معاف

زین اینڈ کو باسبلز دریبہ کلاں دھلی

صنعت و حرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائڈ	4/-/-	دستکر بادرہن	6/-/-
دکشاپ گائڈ	4/-/-	الیکٹرک فائرنگ	4/-/-
موٹر گائڈ	4/-/-	خراد شکشا	3/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-	آئیل انجن گائڈ	5/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-	ٹریکٹر گائڈ	4/-/-
مکمل فوٹوگرافی	2/8/-	جنتری پیمائش جیب	1/4/-
روشنائی سازی	2/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
خوبصورت بنو	1/8/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	مکمل مرغی خانہ ہر سہ حصہ	4/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	تمباکو کی دوکان	2/-/-
ریڈیو گائڈ	4/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
صابون سازی	2/8/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
شیشہ سازی	2/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
اچار، مربے، چٹنی	1/8/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-
باورچی خانہ	2/8/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
مجموعہ فالنامہ	1/-/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/6/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی